# 08-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے ٹی فائبر سرویس اورمی سیوا موبائل ایپ کا افتتاح کیا۔

۲۔وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ سنکرانتی سے پہلے بی آر او سسٹم پھر سے شروع کیا جائے گا۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے اقتدار کے پہلے سال کسان قرض معافی ،فصل بونس ،نوکریاں پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کوراغب میں ریکارڈ قائم کیا ہے۔

۳۔تلنگانہ ریاستی اسمبلی اورکونسل کا سرمائی سیشن کل سے شروع ہوگا۔

OO

سابق وزیر اورسینئر بی آر ایس رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ نے چناؤ کے وعدوں کو پورا نہ کرنے اورایک سال کی ناکام حکمرانی کے لئے کانگریس حکومت پرتنقید کی ہے۔انہوں نے کانگریس پرانتظامی بدامنی پیدا کرنے اورعوام کی بھلائی کونظرانداز کرنے کا الزام لگایا۔آج تلنگانہ بھون میں کانگریس کے ایک سالہ دور کے بارے میں 18 صفحوں کی چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ اس چارج شیٹ سے اثر دار طریقہ سے حکومت کرنے میں کانگریس کی نااہلی بےنقاب ہوگئی ہے۔انہوں نے تلنگانہ کے شہریوں سے کہا کہ وہ کانگریس پارٹی کو جوابدہ بنائیں۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے منفی رویہ کے ساتھ اپنی میعادشروع کی تھی اور ریاست کے نشان کوتبدیل کرنے ،فارماسٹی جیسے اہم منصوبوں کو برخواست کرنے اور حیدرآباد میں کاروبار پر پابندیاں لگانے جیسے متنازعہ فیصلے کئے۔عوام کے ردِعمل کی وجہ سے حکومت نے یہ فیصلے واپس لئےلیکن اس سے پہلے ریاست کی ترقی اور حیدرآباد کی نیک نامی کودھکا لگ چکا تھا۔انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ عورتوں کے لئے مفت بس سرویس واحد جزوی ضمانت ہے جس پرعمل کیا گیالیکن اس کے لئے کافی بسیں نہیں ہیں اوراس سے مزید تکلیف ہوئی۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی نے حساس محکموں سے غلط انداز میں نمٹا جس کی وجہ سے رہائشی ویلفیر اسکولوں اورسرکاری اسکولوں میں سمیت غذا جیسے حادثات پیش آئے جن سے طلبہ کی زندگیاں خطرہ میں پڑگئی۔انہوں نے یاددلایا کہ ریونت ریڈی کی حکومت یدادری تھرمل پاور پلانٹ،آبپاشی سہولتوں،دھان کی اضافی پیداوار کا سہرا اپنے سر باندھنے کی کوشش کررہی ہے۔حالانکہ یہ سب بی آر ایس حکومت کے کارنامے ہیں۔

OO

وزیرمال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پردھرانی پورٹل کو بہتر بنانے پرتوجہ دے رہی ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس پورٹل میں کئی تبدیلیاں کی جاچکی ہیں اوراس کی ذمہ داری اس مہینہ کی پہلی تاریخ سے نیشنل انفارمیٹک سنٹر کودی گئی ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ 2020 آراوآر ایکٹ میں سدھار کیا گیا ہےاور ایک نیا2024 آراوآر ایکٹ لایا جارہا ہے۔وزیر نے اعلان کیا کہ کل سے شروع ہونے والے اسمبلی سیشن میں نئے قانون کومنظوری دی جائے گی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ سنکرانتی سے پہلے وی آر اواوروی آر اے پھر سے شروع کئے جائیں گے۔

OO

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ اقتدار پر ایک سال کے دوران ریاست کی کانگریس حکومت نے کسانوں کے قرض معاف کرنے، فصل بونس دینے، روزگار پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں ریکارڈ قائم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے 25لاکھ کسانوں کے قرض معاف کئے ہیں اور 21ہزار کروڑ سے زیادہ کی رقم سیدھے طور پر ان کے بینک کھاتوں میں جمع کرائی ہے۔انہوں نے ایکس پر پرجا پالنا کا پہلا سال کامیابی سے پورا ہونے پر ایکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اچھی قسم کی دھان کے لئے 500 روپے فی کنٹل بونس اور کم سے کم امدادی قیمت ادا کی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے کسانوں کے لئے 24 گھنٹے مفت بجلی کو یقینی بنایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ان کی حکومت کے بعض کارناموں کو گنوایا جن میں عورتوں کے لئے مفت بس سفر کی اسکیم، ہر مہینہ دوسو یونٹ تک مفت بجلی اور پانچ سو روپے میں پکوان گیس سلنڈر شامل ہیں۔ ریونت ریڈی نے دعویٰ کیا کہ ایک سال میں نوجوانوں کو 55 ہزار سے زیادہ سرکاری نوکریاں دی گئیں۔ ہاؤزنگ کے شعبہ میں اندراماں اسکیم کے تحت چار لاکھ گھر الاٹ کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسڈنشیل اسکولس قائم کئے ہیں اور ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی اور ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی شروع کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کانگریس حکومت نے نارکوٹکس اور ڈرگس کے خلاف جنگ شروع کی ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ پچھلے گیارہ مہینہ میں جملہ سرمایہ کاری میں دوسو فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔

OO

تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن نے اس مہینہ کی 15 اور 16 تاریخ کو گروپ II امتحانات کیلئے انتظامات تقریباً پورے کردئے ہیں۔امیدوار کل سے TSPSC کی ویب سائٹ سے اپنے ہال ٹکٹس ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ریاست بھر میں جملہ 1368 امتحانی مرکز قائم کئے گئے ہیں۔تلنگانہ ریاست بننے کے بعد سے دوسری بار گروپ II اعلامیہ جاری کیا گیا ہے۔امتحان چار پرچوں پر مشتمل ہے اور ہر پرچہ کے 150 نشانات ہیں۔ان امتحانوں میں میرٹ کے نشان حاصل کرنے والے امیدواروں کو گروپ II آفیسرس کی حیثیت سے چنا جائے گا اور وزیراعلیٰ انہیں تقررنامے حوالے کریں گے۔

OO

تلنگانہ ریاستی اسمبلی اور کونسل کا سرمائی سیشن کل سے شروع ہوگا۔اسمبلی کا سرمائی سیشن کافی اہم ہے کیونکہ یہ ایک ایسے وقت ہورہا ہے جب ریاست میں کانگریس حکومت کا ایک سال پورا ہوا ہے۔امکان ہے کہ حکومت کئی اہم فیصلے کرے گی اور بعض بلز پیش کرے گی جن میں نیا ریکارڈ آف رائٹس بل شامل ہے۔آر او آر بل کے تحت موجودہ دھرانی پورٹل کی جگہ بھوماتا پورٹل لے گا تاکہ زمینوں کے ریکارڈس کے انتظام کو بہتر بنایا جائے اور ویلج ریونیو سسٹم کو بحال کیا جائے جسے بی آر ایس حکومت نے ختم کردیا تھا۔ریاستی حکومت امکان ہے کہ پنچایت راج قانون سے متعلق مزید دو ترمیمی بلز پیش کرے گی۔ امکان ہے کہ حکومت ہائیڈرا سے متعلق آرڈیننس کی جگہ لینے کے لئے اور 150 سے زیادہ گاؤں کو انتظامی مہارت اور وسائل کے الاٹمنٹ کے لئے متعلقہ بلدیات میں ضم کرنے کے لئے مزید تین بلز پیش کرے گی۔ اس دوران اسمبلی کے احاطہ اور آس پاس کے احاطہ میں سیکوریٹی بڑھادی گئی ہے۔

○○

کانگریس حکومت کی کامیابی کے جشن کے تحت آج شام حیدرآباد میں ٹینک بنڈ پر ایرشو کا اہتمام کیا گیا۔ ہندوستانی فضائیہ نے اس پروگرام کا اہتمام کیا ہے جس میں 9 سوریہ کرن ہوائی جہازوں نے حصہ لیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے وزیروں پونم پربھاکر، کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی اور دوسروں کے ساتھ اس پروگرام کو دیکھا۔

○○

کانگریس حکومت کے ایک سالہ جشن کے تحت انفارمیشن تکنالوجی کے محکمہ نے آج کئی اہم پراجکٹس شروع کئے۔ آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے ٹی فائبر خدمات کا افتتاح کیا جس کا مقصد سستا انٹرنٹ فراہم کرنا، می سیوا موبائل ایپ شامل کرنا شامل ہے جس کے ذریعہ موبائل فونس پر شہریوں کو 150 قسم کی سہولتیں پہنچائی جائیں گی۔ انہوں نے قرض معافی اور بونس کے ساتھ کسانوں کی مدد کے لئے ایک موبائل اپلی کیشن کا بھی اعلان کیا۔ سریدھر بابو نے کہا کہ ٹی فائبر سے موبائل فونس، کمپیوٹرس اور ٹیلی ویژن کو انٹرنٹ کے ذریعہ اور بہتر طریقہ سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

○○

ہوا کے دباؤ میں کمی کی وجہ سے ریاست میں کل رات سے بارش ہورہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آج اور کل پوری ریاست میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔

○○

سدی پیٹ ضلع کے گجویل ٹاؤن میں جالی گاما بائی پاس روڈ پر آج صبح ایک نامعلوم گاڑی اور بائیک کی ٹکر ہوگئی جس سے بائیک پر سوار دو پولیس کانسٹبلس کی موت ہوگئی۔ مرنے والے پراندھا مولوا اور وینکٹیش رائی پول اور دولت آباد پولیس اسٹیشن میں کانسٹبل کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔ یہ حادثہ اس وقت ہوا جب وہ ای سی ایل حیدرآباد میں ہونے والی میراتھن میں حصہ لینے کے لئے جارہے تھے۔

○○

منچریال ضلع میں اب تک جملہ 14 ہزار 191 میٹرک ٹن دھان 315 مراکز سے خریدی گئی ہے۔ ایڈیشنل ضلع کلکٹر سباوت موتی لال نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ 914 کسانوں کے کھاتوں میں 13.67 کروڑ کی رقم جمع کرائی گئی ہے۔ ایڈیشنل کلکٹر نے یہ بھی کہا کہ ضلع میں 14 رائس ملس کے لئے کسٹم ملنگ رائس کی اجازت دی گئی ہے۔

○○

بی آر ایس مقننہ پارٹی کا ایک اجلاس آج ایراولی میں سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں ان کی قیامگاہ پر ہوا۔ اس اجلاس میں آنے والے اسمبلی سیشن میں اپنائی جانے والی حکمتِ عملی اور قومی اور ریاستی سطح پر تازہ سیاسی صورتحال کے بارے میں بات چیت کی گئی۔

○○

متحدہ ورنگل ضلع میں خاص طور پر کاشت کی جانے والی چپاٹہ مرچی کو جیوگرافیکل انڈی کیشن ٹیگ دیا گیا ہے۔ ورنگل ضلع کے دوگنڈی منڈل کے تھمم پیٹ مرچ کسانوں کی کمپنی نے دو سال پہلے چپاٹہ مرچی کے لئے جی آئی ٹیگ کی درخواست داخل کی تھی۔ انڈین پیٹنٹ آفس بھی اسے منظوری دے رہا ہے۔ سابق رکن اسمبلی پڈی سدرشن ریڈی نے اس موقع اسوسی ایشن کے ڈائرکٹرس کو تہنیت پیش کی۔

○○

مفت آدھار اپ ڈیٹ کی مہلت اس مہینہ کی 14 تاریخ کو ختم ہورہی ہے۔ اگر اس وقت تک اپ ڈیٹ نہیں کیا گیا تو لوگوں کو اپ ڈیٹ کے لئے آدھار سنٹر جانا پڑے گا اور 50 روپے فیس ادا کرنی ہوگی۔

○○